# سُورَۃُ فَاطِر

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

www.ilmkidunya.com

**سوال نمبر1۔ درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

1۔ سورۃ فاطر کا دوسرا نام ہے: (بورڈ2023ء) 091114001

(الف) سورۃ العقود (ب) سورۃ الملائکہ (ج) سورۃ تنزیل السجدہ (د) سورۃ الاسراء

2۔ فاطر کا معنی ہے: 091114002

(الف) زبردست (ب) پیدا کرنے والا (ج) نگہبان (د) حکمت والا

3۔ قرآن مجید میں پہاڑوں اور جانوروں کا ذکر کر کے دعوت دی گئی ہے: 091114003

(الف) اللہ تعالیٰ کی حکمت پر غور و فکر کی (ب) سائنسی تحقیقات کی

(ج) پہاڑوں کی سیر کی (د) دنیا کی رنگینی کی

4۔ سورۃ فاطر کے مطابق اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر حاصل ہوتا ہے: 091114004

(الف) مال داروں کو (ب) اہل ایمان کو (ج) علماء کو (د) تاجروں کو

5۔ قیامت کے دن انسان کے گناہوں کا بوجھ اٹھائیں گے: 091114005

(الف) اس کے والدین (ب) اس کے رشتے دار (ج) اس کی اولاد (د) وہ خود

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

6۔ سورۃ فاطر ہے: 091114006

(الف) مکی سورت (ب) مدنی سورت (ج) چھوٹی سورت (د) طویل سورت

7۔ سورۃ فاطر کی آیات ہیں: 091114007

(الف) 30 (ب) 135 (ج) 60 (د) 45

8۔ سورت فاطر میں "فاطر" لفظ آیا ہے: 091114008

(الف) پہلی آیت میں (ب) دوسری آیت میں (ج) تیسری آیت میں (د) چوتھی آیت میں

9۔ سورۃ فاطر میں کثرت سے بیان کیا گیا ہے: 091114009

(الف) انبیاء کرام علیھم السلام کو (ب) اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کو (ج) قیامت کے احوال کو (د) پرہیزگاروں کے انعامات

10۔ سورۃ فاطر میں کس کی ہلاکت خیزی کا ذکر ہے؟ 091114010

(الف) شرک (ب) ظلم (ج) فساد (د) جہاد

091114011
11۔ سورۃ فاطر میں کس کی بے بسی کا ذکر ہے؟
(الف) اولاد کی (ب) نافرمانوں کی (ج) جھوٹے معبودوں کی (د) والدین کی
091114012
12۔ سورۃ فاطر کے مطابق اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر حاصل ہوتا ہے:
(الف) اہل علم کو (ب) مال داروں کو (ج) تاجروں کو (د) اہل ایمان کو
091114013
13۔ سورۃ فاطر میں کس کی عظمت وصداقت کا ذکر ہے؟
(الف) تورات کی (ب) قرآن مجید کی (ج) انجیل کی (د) زبور کی
091114014
14۔ سورۃ فاطر کے مطابق کس کی خدمت کرنے والوں کو بشارت دی گئی ہے؟
(الف) علماء کی (ب) انبیاء کرام علیہم السلام کی (ج) بیت اللہ کی (د) قرآن مجید کی
091114015
15۔ ہمیں احسانات کو یاد رکھنا چاہیے:
(الف) اللہ تعالیٰ کے (ب) والدین کے (ج) دوستوں کے (د) بزرگوں کے
091114016
16۔ سورۃ فاطر کے مطابق کس کا وعدہ سچا ہے؟
(الف) آخرت کا (ب) انبیاء کرام علیہم السلام کا (ج) اولیاء کا (د) دنیاوی زندگی کا
091114017
17۔ سورۃ فاطر کے مطابق اللہ تعالیٰ عزت دیتا ہے:
(الف) والدین کی عزت کرنے والوں کو (ب) مال خرچ کرنے والوں کو
(ج) اولاد کی اچھی تربیت کرنے والوں کو (د) کلمہ توحید اختیار کرنے والوں کو
091114018
18۔ تمام انسان محتاج ہیں:
(الف) دوستوں کے (ب) والدین کے (ج) اللہ تعالیٰ کے (د) رشتہ داروں کے
091114019
19۔ ایک ایسی تجارت جس میں نقصان کا اندیشہ نہیں:
(الف) مدد کرنا (ب) نمود ونمائش کرنا (ج) اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا (د) معاف کرنا
091114020
20۔ اللہ تعالیٰ گناہوں پر فوراً سزا نہیں دیتا بلکہ عطا فرماتا ہے:
(الف) معافی (ب) مہلت (ج) خوش خبری (د) عذاب

جوابات:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ب | 2 | ب | 3 | الف | 4 | ج | 5 | د |
| 6 | الف | 7 | د | 8 | الف | 9 | ب | 10 | الف |
| 11 | ج | 12 | الف | 13 | ب | 14 | د | 15 | الف |
| 16 | الف | 17 | د | 18 | ج | 19 | ج | 20 | ب |

www.ilmkidunya.com

www.ilmkidunya.com

## مشقی مختصر سوالات کے جوابات

سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیجیے۔

091114021 س1۔ سورۃ فاطر کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

جواب: اس سورت کا نام "فاطر"، پہلی آیت سے لیا گیا ہے۔ اس کا معنی ہے: پیدا کرنے والا۔ اسی لفظ کی وجہ سے اس سورت کا نام سورۃ فاطر رکھا گیا ہے۔

091114022 س2۔ سورۃ فاطر کا خلاصہ لکھیے۔

جواب: سورۃ فاطر کا خلاصہ "مشرکین کو توحید اور آخرت پر ایمان لانے کی دعوت دینا" ہے۔

091114023 س3۔ سورۃ فاطر کے علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جواب: i۔ اللہ تعالیٰ جب کسی کو کچھ عطا فرمائے تو کوئی اسے روکنے والا نہیں اور جب اللہ تعالیٰ کسی سے کچھ روک لیتا ہے تو کوئی اسے دے نہیں سکتا ہے۔ (سورۃ فاطر: 2)

ii۔ اللہ تعالیٰ ہمارا رازق ہے۔ ہمیں اس کے احسانات کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے۔ (سورۃ فاطر: 3)

091114024 س4۔ سورۃ فاطر کا دوسرا نام کیا ہے اور اس کی وجہ کیا ہے؟

جواب: اسی سورت کا دوسرا نام "سورۃ الملائکہ" بھی ہے، کیوں کہ اس کی پہلی آیت میں فرشتوں کا ذکر بھی آیا ہے۔

## اضافی مختصر سوالات کے جوابات

091114025 س5۔ سورۃ فاطر مکی ہے یا مدنی؟ نیز اس کی آیات کتنی ہیں؟

جواب: سورۃ فاطر مکی سورت ہے۔ اس میں پینتالیس (45) آیات ہیں۔

091114026 س6۔ سورۃ فاطر کا نام اس سورت کی کس آیت سے لیا گیا ہے؟

جواب: اس سورت کا نام "فاطر"، پہلی آیت سے لیا گیا ہے۔

091114027 س7۔ فاطر کا معنی کیا ہے؟

جواب: فاطر کا معنی ہے: پیدا کرنے والا۔

091114028 س8۔ سورۃ فاطر میں کثرت سے کس کا ذکر ہے؟

جواب: سورۃ فاطر میں کثرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کو بیان کیا گیا ہے۔

091114029 س9۔ سورۃ فاطر میں کس کی دشمنی سے خبردار کیا گیا ہے؟

جواب: زندگی کے دھوکے اور شیطان کی دشمنی سے خبردار کیا گیا ہے۔

091114030 س10۔ سورۃ فاطر میں کس کی ہلاکت خیزی کا ذکر ہے؟

جواب: سورۃ فاطر میں شرک کی ہلاکت خیزی کا ذکر کیا گیا ہے۔

091114031 س11۔ سورۃ فاطر میں کس کی بے بسی کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: سورۃ فاطر میں جھوٹے معبودوں کی بے بسی کا ذکر کیا گیا ہے۔

091114032 (بورڈ2023ء)

س12۔ سورۃ فاطر میں کن اُمور کی طرف غور وفکر کی دعوت دی گئی ہے؟

جواب: سورۃ فاطر میں پہاڑوں اور جانوروں کے مختلف رنگوں کی حکمت میں غور وفکر کی دعوت دی گئی ہے۔

091114033

س13۔ سورۃ فاطر کے مطابق اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر کن کو حاصل ہوتا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر انھیں حاصل ہوتا ہے جو علم اور آگہی رکھتے ہیں۔

091114034

س14۔ سورۃ فاطر میں موجود اللہ کی قدرت کی نشانیوں سے جو باتیں واضح ہوتی ہیں بیان کریں۔

جواب: سورۃ فاطر میں موجود اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیوں پر غور کرنے سے درج ذیل باتیں واضح ہوتی ہیں:

i۔ جس ربّ نے یہ کائنات بنائی ہے، اسے اس کا نظام چلانے کے لیے کسی مددگار کی ضرورت نہیں۔

ii۔ یہ کائنات بغیر مقصد کے پیدا نہیں کی گئی۔

iii۔ جو ذات اس کائنات کو وجود میں لائی ہے اس کے لیے اسے ختم کرنا کچھ مشکل نہیں اور اسے ختم کر کے نئے سرے سے آخرت کا عالم پیدا کرنا بھی مشکل نہیں۔

091114035

س15۔ سورۃ فاطر کے آخر میں کس کا بیان ہے؟

جواب: سورت کے آخر میں مشرک اور اللہ تعالیٰ کی نافرمان قوموں کا عبرت ناک انجام بیان کیا گیا ہے۔

091114036

س16۔ سورۃ فاطر میں کن لوگوں کو بشارت دی گئی ہے؟

جواب: اس سورت میں قرآن مجید کی عظمت وصداقت کا ذکر فرماتے ہوئے اس کی خدمت کرنے والوں کو بشارت دی گئی ہے۔

091114037

س17۔ سورۃ فاطر کے مطابق ہمارا سب سے بڑا دشمن کون ہے؟

جواب: ہمیں ہمیشہ اس بات کو یاد رکھنا چاہیے کہ شیطان ہمارا سب سے بڑا دشمن ہے جو ہمیں جہنم میں لے جانا چاہتا ہے۔

091114038 (بورڈ2023ء)

س18۔ سورۃ فاطر کے مطابق کس تجارت میں نقصان کا اندیشہ نہیں ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا ایک ایسی تجارت ہے جس میں کسی نقصان کا اندیشہ نہیں ہے۔

091114039

س19۔ سورۃ فاطر کے مطابق اللہ تعالیٰ گناہوں کی سزا کیسے دیتا ہے؟

جواب: سورۃ فاطر کے مطابق اللہ تعالیٰ گناہوں پر فوراً سزا نہیں دیتا، بلکہ مہلت عطا فرماتا ہے تاکہ انسان برے اعمال سے توبہ کرلے۔

091114040

س20۔ سورۃ فاطر کے مطابق اللہ تعالیٰ کن کو عزت دیتا ہے؟ اور کن پر عذاب نازل کرتا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کلمہ توحید کو اختیار کرنے اور نیک اعمال کرنے والوں کو عزت عطا فرماتا ہے جب کہ شرک کرنے اور سازشیں کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ عذاب نازل کرتا ہے۔

091114041

س21۔ سورۃ فاطر کے کوئی سے دو مضامین لکھیں۔

جواب: سورۃ فاطر کے دو مضامین درج ذیل ہیں:

i۔ اس سورت میں کثرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کو بیان کیا گیا ہے۔

ii۔ زندگی کے دھوکے اور شیطان کی دشمنی سے خبردار کیا گیا ہے۔

# مشقی تفصیلی سوالات

تفصیلی جواب دیجیے۔

سوال نمبر 3۔ سورۃ فاطر پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔''یا'' سورۃ فاطر کا تعارف، مضامین اور اہم نکات لکھیے۔

091114042

## تعارف

**مکی/مدنی:**

سورۃ فاطر مکی سورت ہے۔

**آیات:**

اس میں پینتالیس (45) آیات ہیں۔

**وجہ تسمیہ:**

اس سورت کا نام ''فاطر'' پہلی آیت سے لیا گیا ہے۔ فاطر کا معنی ہے: پیدا کرنے والا۔ اسی لفظ کی وجہ سے اس سورت کا نام سورۃ فاطر رکھا گیا ہے۔

**سورت کا دوسرا نام:**

اسی سورت کا دوسرا نام ''سورۃ الملائکہ'' بھی ہے، کیوں کہ اس کی پہلی آیت میں فرشتوں کا ذکر بھی آیا ہے۔

**خلاصہ:**

سورۃ فاطر کا خلاصہ ''مشرکین کو توحید اور آخرت پر ایمان لانے کی دعوت دینا'' ہے۔

## مضامین

**اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کا بیان:**

سورۃ فاطر میں کثرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کو بیان کیا گیا ہے۔

**زندگی کی حقیقت:**

اس سورت میں زندگی کے دھوکے اور شیطان کی دشمنی سے خبردار کیا گیا ہے۔

**جھوٹے معبودوں کی بے بسی:**

شرک کی ہلاکت خیزی اور جھوٹے معبودوں کی بے بسی کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

**قدرتوں پر غور و فکر:**

اس سورت میں پہاڑوں اور جانوروں کے مختلف رنگوں کی حکمت میں غور و فکر کی دعوت دی گئی ہے۔

**اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر:**

اس سورت میں واضح کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر انھیں حاصل ہوتا ہے جو علم اور آگہی رکھتے ہیں۔

**اللہ تعالیٰ کی نشانیاں:**

سورۃ فاطر میں موجود اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیوں پر غور کرنے سے درج ذیل باتیں واضح ہوتی ہیں:

i- جس رب نے یہ کائنات بنائی ہے، اسے اس کا نظام چلانے کے لیے کسی مددگار کی ضرورت نہیں۔

ii- یہ کائنات بغیر مقصد کے پیدا نہیں کی گئی۔

iii۔ جو ذات اس کائنات کو وجود میں لائی ہے اس کے لیے اسے ختم کرنا کچھ مشکل نہیں۔ اسے ختم کر کے نئے سرے سے آخرت کا عالم پیدا کرنا بھی مشکل نہیں۔

**قرآن مجید کی عظمت و صداقت:**

اس سورت میں قرآن مجید کی عظمت و صداقت کا ذکر فرماتے ہوئے اس کی خدمت کرنے والوں کو بشارت دی گئی ہے۔

**سورت کا اختتام:**

سورت کے آخر میں مشرک اور اللہ تعالیٰ کی نافرمان قوموں کا عبرت ناک انجام بیان کیا گیا ہے۔

## علمی و عملی نکات

سورۃ فاطر کا مطالعہ کرنے سے جو علمی و عملی نکات سامنے آتے ہیں، ان میں سے کچھ یہ ہیں:

**اللہ تعالیٰ کی تقسیم:**

جب اللہ تعالیٰ کسی کو کچھ عطا فرمائے تو کوئی اسے روکنے والا نہیں اور جب اللہ تعالیٰ کسی سے کچھ روک لیتا ہے تو کوئی اسے دے نہیں سکتا ہے۔ (سورۃ فاطر:2)

**اللہ تعالیٰ کے احسانات:**

اللہ تعالیٰ ہمارا رازق ہے۔ ہمیں اس کے احسانات کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے۔ (سورۃ فاطر:3)

**آخرت کا وعدہ اور دنیا کی زندگی:**

آخرت کا وعدہ سچا ہے۔ ہمیں ہر وقت چوکنا رہنا چاہیے کہ کہیں دنیا کی زندگی ہمیں دھوکے میں نہ ڈال دے۔ (سورۃ فاطر:5)

**شیطان کی دشمنی**

ہمیں ہمیشہ اس بات کو یاد رکھنا چاہیے کہ شیطان ہمارا سب سے بڑا دشمن ہے جو ہمیں جہنم میں لے جانا چاہتا ہے۔ (سورۃ فاطر:6)

**اللہ تعالیٰ کا انعام اور عذاب:**

اللہ تعالیٰ کلمہ توحید کو اختیار کرنے اور نیک اعمال کرنے والوں کو عزت عطا فرماتا ہے جب کہ شرک کرنے اور سازشیں کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ عذاب نازل کرتا ہے۔ (سورۃ فاطر:10)

**انسان کی محتاجی:**

تمام انسان اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں اور وہ کسی کا محتاج نہیں۔ (سورۃ فاطر:15)

**گناہوں کا بوجھ:**

قیامت کے دن کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھا سکے گا۔ ہر ایک کو اپنے گناہوں کا بوجھ خود اٹھانا ہوگا۔ (سورۃ فاطر:18)

**خاص تجارت:**

قرآن مجید کی تلاوت کرنا، نماز قائم کرنا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا ایک ایسی تجارت ہے جس میں کسی نقصان کا اندیشہ نہیں ہے۔ (سورۃ فاطر:31-32)

**توبہ کی مہلت:**

اللہ تعالیٰ گناہوں پر فوراً سزا نہیں دیتا، بلکہ مہلت عطا فرماتا ہے تاکہ انسان برے اعمال سے توبہ کر لے۔ (سورۃ فاطر:45)

www.ilmkidunya.com